03/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

بجٹ اجلاس

جموں کشمیر اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے جو اگلے ایک مہینے تک جاری رہے گا ۔ جموں کے اسمبلی کمپلیکس میں بجٹ اجلاس کا آغاز آ ج لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے خطاب سے ہو گا ۔ یہ اجلاس قریب چھ سال کے بعد منعقد کیا جا رہا ہے ۔ اسمبلی میں پچھلا بجٹ 2018 میں PDP اور BJP کی مخلوط سرکار نے پیش کیا تھا ۔

یہ عمر عبداللہ کی قیادت والی موجودہ نیشنل کانفرنس سرکار کا پہلا بجٹ ہو گا ۔ انہوں نے اکتوبر 2024 میں سرکار کا اقتدار سنبھالا تھا ۔ عمر عبداللہ سات مارچ کواسمبلی مینیوٹی کا بجٹ پیش کریں گے ۔ وزارت خزانہ کا قلمدان خود وزیر اعلیٰ کے پاس ہے ۔

اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے بجٹ سیشن کے بارے میں کہا ہے کہ اجلاس کے احسن انعقاد کے لئے تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں ۔ واضح رہے کہ کل نیشنل کانفرنس اور کانگریس کی طرف سے لجسلیچر پارٹی کی میٹنگوں کا بھی انعقاد کیا گیا ۔

لیفٹنٹ گورنر

اسی دوران اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نےلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ آج سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے جُڑے کئی امور پر تبادلہ خیال کیا ۔

سوربھ بھگت

دریں اثناءمحکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت نے بجٹ اجلاس کے پیش نظر اسمبلی کمپلیکس جموں میں انٹرنیٹ رابطے سے جڑے بنیادی ڈھانچے کا تفصیلی معائینہ کیا تاکہ سیشن کے دوران کاروائی کا عمل احسن طریقے پر آگے بڑھ سکے ۔

انہوں نے اسمبلی کی کاروائی کے لئے ایک فعال IT فریم ورک کی اہمیت اجا گر کی ۔ موصوف نے اسمبلی حال کے علاوہ میڈیا سے جڑے افراد اور عام لوگوں کے لئے مقرر کردہ مقامات پر بلا خلل انٹرنیٹ کنیکٹوٹی یقینی بنانے پر زور دیا ۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ مودی حکومت پہلی مرتبہ بھارت میں زمینی سطح کے اختراع کاروں کو فروغ دے رہی ہے اور انہیں تسلیم کر رہی ہے ۔

مرکزی سرکار کے خود مختار ادارہ، قومی اختراعی فاونڈیشن کی سِلوَر جُوبلی تقریب سے ورچول موڑ پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ موجودہ سرکار بھارت کے مخصوص روایتی علم کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے مربوط کر رہی ہے ۔

شیتل نندا

وُلر کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی شمالی کشمیر کے ضلع بانڈی پورہ میں واقع ایشیا کی سب سے بڑی جھیل ، جھیلِ وُلر کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے کئی ضروری اقدام کر رہی ہے ۔

اس سلسلے میں جنگلات و ماحولیات کی کمشنر سیکریٹری شیتل نندا نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

امت شاہ

داخلی امور اور تعاون کے مرکزی وزیر امت شاہ آج نئی دلی میں ڈیری سیکٹر کی پائیداری اور Circularity پر ایک ورکشاپ کا افتتاح کریں گے ۔

ورکشاپ کے دوران کوآپریٹیوز ، پشو پالن ، ڈیری اور ماہی پروری کی وزارتوں کی اُن پالیسیوں اور اقدامات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا جن کا مقصد معاشی ترقی اور ماحولیاتی ذمہ داری کے ساتھ پائیدار ڈیری فارمنگ یقینی بنانا ہے ۔

اضلاع

گورنمنٹ ڈگری کالج سندر بنی میں نشہ مُکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ اس دوران سماج کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے لئے شرکاءکو ضروری جانکاری دی گئی ۔

ڈپٹی کمشنر ڈوڈہ ہر وِندر سنگھ نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ڈوڈہ میں پردھان منتری آواس یوجنا پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں سکیم کے شہری اور دیہی ، دونوں طرح کے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔

موسم

وادی کے بعض میدانی اور بالائی علاقوں میں آج صبح سویرے سے بارش اور برف باری کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے ۔ شہر سرینگر کے کچھ علاقوں میں بھی ہلکی بارش ہو رہی ہے ۔

کپواڑہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ ضلع کے اکثر علاقوں میں تازہ برف باری شروع ہو گئی ہے ۔

شوپیان کے ہمارے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ ضلع کے میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں تازہ برف باری کے نتیجے میں درجہ حرارت میں گراوٹ آگئی ہے ۔

بانڈی پورہ کے ہمارے نمائندے عادل اسماعیل کے مطابق تازہ موسمی صورتحال کے نتیجے میں گریز بانڈی پورہ روڑ فی الحال ٹریفک کے لئے بند ہے ۔

ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق اگر چہ رام بن اور بانہال کے علاقوں میں بارش ہو رہی ہے تاہم سرینگر جمونقومی شاہراہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 9ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ